اسانید صدر الافاضل اردو

ثبت النعیمی عربی

از افادات

صدر الافاضل سید محمد نعیم الدین مرادآبادی تغمدہ اللہ الہادی

ترجمہ وترتیب

محمد ذوالفقار خان نعیمی ککرالوی
نوری دار الافتاء مدینہ مسجد محلہ علی خاں کاشی پور

باہتمام
حضرت العلام محمد یامین نعیمی اشرفی مہتمم جامعہ نعیمیہ مرادآباد

اسانید صدر الافاضل اردو ثبت النعیمی عربی
صدر الافاضل سید محمد نعیم الدین مرادآبادی تغمدہ اللہ الہادی
محمد ذوالفقار خان نعیمی ککرالوی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اسانید صدرالافاضل

-: از اِفادات :-

صدرالافاضل سید محمد نعیم الدین مرادآبادی تغمدہ اللہ الھادی

-: ترجمہ وترتیب :-

محمد ذوالفقار خان نعیمی ککرالوی

نوری دارالافتاء مدینہ مسجد محلّہ علی خاں کاشی پور

تفصیلات

کتاب : ثبت نعیمی

ترجمہ : اسانید صدرالافاضل

غرض وغایت : تحفظ وترویج اَثاثۂ علمائے اہل سنت وجماعت

اِفادات : صدرالافاضل سید محمد نعیم الدین مرادآبادی رحمہ اللہ

مترجم ومرتب : محمد ذوالفقار خان نعیمی ککرالوی بدایونی.

: نوری دارالافتاء مدینہ مسجد

: محلّہ علی خاں کاشی پور، اتراکھنڈ، انڈیا

صفحات : ایک سوبیس (۱۲۰)

اشاعت : ۲۰۱۳ء - ۱۴۳۴ھ

شرف انتساب

شیخ الکل حضرت علامہ مولانا محمد گل

کابلی جلال آبادی تغمدہ اللہ الھادی

کے نام

جن کی نگاہ کرم نے صدرالافاضل کو

ثریا کی بلندیوں پر

پہنچادیا

-: خاکپائے علمائے اہلسنت :-

محمد ذوالفقار خان نعیمی ککرالوی

فہرست کتاب

کتب تفاسیر

کتب احادیث کی سند نعیمی

کتب سیرت وشمائل کی سند نعیمی

کتب بلاغت معانی وبیان

کتب تصوف وسلوک

کتب نحو ولغات

کتب اوراد واذکار لشیخ ابوزکریا یحییٰ بن شرف نووی

مسلسلات

صدر الافاضل کی سند خلافت

تقدیم

سند کی کیا اہمیت وافادیت ہے یہ بات ذی علم حضرات پر مخفی نہیں ۔ امام مسلم نے اپنی مشہور تصنیف لطیف مسلم شریف کے حاشیہ میں الاسناد من الدین کے عنوان سے مستقل باب قائم فرمایا ہے جس سے سند کی اہمیت واضح ہوتی ہے آپ نے اس باب کے تحت ابن سیرین علیہ الرحمہ کا یہ قول نقل فرمایا ہے

ان ھذا العلم دین فانظروا عمن تاخذون دینکم

نیز عبداللہ ابن مبارک کے حوالہ سے فرمایا کہ انہوں نے فرمایا

الإسناد من الدین ولو لا الإسناد لقال من شاء ماشاء (۱)

علاوہ ازیں امام طحطاوی نے فرمایا

الذی لاسند له کالدعی الذی لاأب له (۲)

لہٰذا سند کی اسی اہمیت وحیثیت کے پیش نظر صدر الافاضل فخر الاماثل مفسر قرآن استاد العلماء حضرت علامہ مفتی سید محمد نعیم الدین علیہ الرحمہ نے اپنے استاد گرامی وقار شیخ الکل مولانا محمد گل خاں کابلی جلالی علیہ الرحمہ سے عرب کے جید علماء کی اسانید ومرویات کو حاصل کر کے اسے عربی زبان میں ترتیب دے کر ''**الکتاب المستطاب المحتوی علی الاسانید الصحیحہ**'' المعروف بہ ''ثبت نعیمی'' سے موسوم کر کے کتابی شکل میں اپنے دور ہی میں شائع فرمایا بلکہ اپنے مخصوص تلامذہ کو عطا بھی فرمایا۔

(۱) مسلم شریف ج۱، ص ۱۱،۱۲

(۲) ثبت نعیمی، ص ۲

یہاں یہ بات بے محل نہ ہوگی کہ اس کتاب میں صدر الافاضل نے جن اسانید کو نقل کیا ہے اس کی روشنی میں بلا مبالغہ کہا جاسکتا ہے کہ صدر الافاضل اپنی ان اسانید کی بنیاد پر اپنے ہمعصر علماء میں ممتاز ومنفرد نظر آتے ہیں آپ کا سلسلۂ سند حضور شیخ الکل کے توسط سے عرب کے جید علماء سے مربوط ہے خصوصاً علم کے بینار میدان فقہ وحدیث وتفسیر کے علمبردار علامہ طحطاوی وعلامہ شرقاوی رضی اللہ تعالیٰ عنہم تک متصل ہے۔

لیکن افسوس کہ آپ کے اس مجموعۂ اسانید کا ذکر ہندوستان میں شاذ ونادر ہی ملتا ہے۔

اس مجموعہ کے نادر ونایاب ہونے کی وجہ سے اس تک رسائی بھی ممکن نہ تھی ہند میں ایک دو بزرگ کے پاس ہے میں نے کوشش کی عریضہ پیش کیا مگر وعدۂ فردا اور مصروفیت کے عذر کے علاوہ کچھ ہاتھ نہیں لگا پھر احقر نے حضرت علامہ سید وجاہت رسول صاحب قبلہ مدیر ماہنامہ معارف رضا اور صدر ادارۂ تحقیقات امام احمد رضا (پاکستان) کی بارگاہ میں اس مجموعہ سے متعلق عرض کیا، حضرت نے فرمایا کہ صاحبزادہ مولانا محمد محب اللہ نوری صاحب کے پاس ہے کیوں کہ ان کے والد گرامی فقیہ اعظم حضرت علامہ نور اللہ نعیمی علیہ الرحمہ صدر الافاضل کے تلامذہ میں سے تھے اس لئے ان کو وہ مجموعۂ اسانید حضرت نے مہر ودستخط سے مزین فرما کے عطا فرمایا تھا خیر حضرت نے صاحبزادہ گرامی وقار سے وہ مجموعہ لے کر مجھ احقر کو عنایت فرمایا احقر نے اس کتاب کی زیارت کی، نہایت سرور حاصل ہوا اور ذہن میں فوراً اس پر کام کرنے کا ایک خاکہ تیار ہوگیا، احقر کمربستہ ہو کر اس پر کام کرنے لگا چونکہ معاملہ اسانید کا تھا کوئی عام کتاب ہوتی تو اتنی پریشانی نہیں ہوتی جتنی پریشانی کسی سند پر کام کرنے میں ہوتی ہے۔

خیر سے حضرت صاحبزادہ گرامی حضرت علامہ محمد محبّ اللہ نوری صاحب مدیر ماہنامہ نورالحبیب ومتہم دارالعلوم حنفیہ فریدیہ (بصیر پور پاکستان) سے رابطہ ہوگیا اس سلسلے میں جن کتب اسانید کی مجھے ضرورت پڑھی حضرت نے مجھے عطا فرمائیں میں نے اس پر اپنی وسعت بھر کام کیا جہاں راویوں کے اسماء حذف تھے یا اسماء میں تقدم وتاخر تھا میں نے اس کی مکمل تحقیق کر کے حاشیہ میں اس کا ذکر کر دیا اور کہیں کتابت کی غلطیاں تھیں حاشیہ میں اس کی طرف بھی اشارہ کر دیا نیز تصویب بھی کر دی، بعدہٗ حضرت علامہ محمد محبّ اللہ نوری صاحب قبلہ کو تصحیح ونظر ثانی کے لئے پیش کی حضرت نے اس کو خود بالاستیعاب دیکھا نیز حضرت علامہ عبدالحق انصاری صاحب قبلہ کو بھی نظر ثانی کے لیے سونپ دیا دونوں حضرات نے اس کو دیکھا اور جہاں مناسب جانا نشاندہی فرمائی اور پھر مجھے عنایت فرمادی میں نے اس پر مقدمہ لکھ کر حضرت گرامی وقار علامہ محمد یامین صاحب قبلہ مہتمم جامعہ نعیمیہ مرادآباد کو بغرض اشاعت پیش کر دی حضرت نے اسے طباعت کے لئے اپنے مکتبہ نعیمیہ میں ارسال فرمادیا اور مجھ سے فرمایا'' یہ کتاب عربی میں ہے اگر اردو میں بھی ہوجاتی تو بہت اچھا ہوتا۔''میں نے حکم کی تعمیل کی اور اس عربی مجموعۂ اسانید کا اردو ترجمہ کر دیا البتہ جو تحقیق میں نے عربی کتاب میں کی تھی اسی کے مطابق میں نے یہاں اسانید جمع کی ہیں اور ترتیب میں تبدیلی بھی کر دی ہے۔

صدرالافاضل کی اصل سند میں علامہ طحطاوی وشرقاوی کے اسماء سے سند آغاز کیا گیا تھا میں نے اس کتاب میں حصول برکت کے لئے صدرالافاضل سے علامہ طحطاوی وشرقاوی تک مشائخ کے اسماء کا اندراج بھی کر دیا ہے۔

الحاصل احقر نے حتی الامکان تصحیح کی کوشش کی ہے لیکن اس کے باوجود بھی

نہیں کہہ سکتا کہ اس میں خامیاں نہ ہوں گی غلطیوں کا صدفی صد امکان ہے اسی لئے قارئین سے مؤدبانہ عرض ہے کہ اگر کہیں کوئی خامی نظر آئے تو براہ کرم میری اصلاح فرمائیں۔

اب اخیر میں صدرالافاضل سے علامہ طحطاوی وعلامہ شرقاوی تک مشائخ کے مختصر حالات قلمبند کئے جاتے ہیں قارئین مشائخ کے حالات ملاحظہ فرمائیں اور دروس عبرت اخذ کرنے کی کوشش کریں۔

اور یہ اندازہ لگائیں کہ ان عظیم شخصیات سے جس کا علمی رابطہ ہو اس کا علمی وقار کس معیار کا ہوگا اور ان سے سند کا اتصال کس درجہ اہمیت کا حامل ہوگا۔

ابتدا میں حضرت صدرالافاضل کا سوانحی خاکہ پیش کیا جارہا ہے اور اس کے بعد مشائخ کرام کے حالات بالترتیب پیش ہوں گے۔ ملاحظہ فرمائیں۔

☆☆☆☆☆

سوانح صدرالافاضل کا اجمالی خاکہ

اسم گرامی:

عرفی نام سید محمد نعیم الدین اور تاریخی نام غلام مصطفیٰ تجویز کیا گیا۔ اور شہرت ''صدرالافاضل'' کے لقب سے ہوئی۔

ولادت باسعادت:

۲۱ر صفرالمظفر ۱۳۰۰ھ مطابق یکم جنوری ۱۸۸۳ء مبارک دن دوشنبہ کو آپ اس دنیا میں تشریف لائے۔

خاندان:

آپ کا تعلق خاندان سادات سے ہے آپ حسینی سید ہیں آپ کے اجداد ایران کے مشہور شہر ''مشہد'' کے رہنے والے تھے۔ حضرت اورنگ زیب عالمگیر علیہ الرحمہ کے عہد حکومت میں ہندوستان تشریف لے آئے اور یہیں مستقل سکونت اختیار فرمائی۔

تعلیم:

چار سال کی عمر شریف میں رسم بسم اللہ ادا کی گئی اور آٹھ سال کی عمر شریف میں حفظ قرآن کی تکمیل ہوئی۔ فارسی کی ابتدائی کتابیں والد محترم سے پڑھیں۔ اور ملا حسن تک مولانا ابوالفضل فضل احمد علیہ الرحمہ سے اکتساب علم کیا بعدہٗ اپنے پیر ومرشد حضور شیخ الکل مولانا گل کی بارگاہ میں رہ کر درس نظامی

کی بقیہ تعلیم مکمل کی۔

دستار فضیلت وافتاء:

عمر شریف کی انیسویں سال میں آپ نے تفسیر، حدیث، فقہ، منطق، فلسفہ، اقلیدس اور اس کے علاوہ علوم سے فراغت پائی اور پھر ایک سال فتوی نویسی وروایت کشی کی مشق فرمائی، اور عمر کے بیسویں سال یعنی ۱۳۲۰ھ مطابق ۱۹۰۲ء کو مدرسہ امدادیہ میں حضور شیخ الکل کے متبرک ہاتھوں سے آپ کو دستار فضیلت وافتاء سے نوازا گیا۔

سلسلۂ سند:

آپ کا سلسلۂ سند مولانا گل علیہ الرحمہ کے توسط سے علامہ طحطاوی وشرقاوی وغیرہما عرب کے جید علماء سے مربوط ہے۔

بیعت وخلافت:

شیخ الکل مولانا گل سے آپ کو شرف ارادت حاصل ہے اور آپ ان کے خلیفہ ومجاز بھی ہیں نیز اعلیٰ حضرت امام احمد رضا خاں اور حضور شیخ المشائخ اشرفی میاں علیہما الرحمہ سے بھی آپ کو شرف خلافت حاصل ہے۔

بحیثیت مدرس:

آپ اپنے دور کے بہترین مدرس تھے۔ ہندوپاک وغیرہ ممالک کے مشہور علماء جیسے حکیم الامت احمد یار خاں نعیمی، حضور مجاہد ملت، حضور حافظ ملت، حضور صدرالعلماء، قاضی شمس الدین جونپوری مفتی اعظم کانپور، سید ابوالحسنات پاکستان، فقیہ اعظم حضرت علامہ نوراللہ نعیمی اور علامہ پیر محمد کرم شاہ ازہری وغیرہم آپ کے تلامذہ کی فہرست میں شامل ہیں۔

بحیثیت مفسر:

اردو مفسرین میں جو شہرت آپ کو حاصل ہوئی وہ کسی اور کو نہیں آپ کی تفسیر مسمّٰی بہ خزائن العرفان جو اعلیٰ حضرت کے ترجمہ کنزالایمان کے ساتھ شائع ہوتی ہے دنیائے سنیت میں مقبولیت کے اعلیٰ درجہ پر فائز ہے، فقیر کی نظر سے اس سے مختصر و جامع تفسیر اب تک منظر عام پر نہیں آئی ہے۔ گویا آپ نے سمندر کوزے میں سمو دیا ہے۔

فتویٰ نویسی:

آپ کا زیادہ تر وقت مناظرہ وغیرہ تبلیغی خدمات میں گزرتا تھا اس کے باوجود بھی آپ نے کثیر تعداد میں فتاویٰ تحریر فرمائے آپ کے فتاویٰ پر آپ کے پیرو مرشد حضور شیخ الکل وغیرہ معتبر شخصیات کی تصدیقات پائی جاتی ہیں۔ آپ کے کچھ فتاویٰ افکار صدرالافاضل ممبئی کے منتظمین کی کوششوں سے "فتاویٰ صدرالافاضل" کے نام سے منظر عام پر آچکے ہیں۔

بحیثیت مناظر:

مناظرہ میں آپ کو بے مثال مہارت حاصل تھی، آپ نے بڑے بڑے مناظرے فتح فرمائے۔ دیوبندی، غیر مقلد علماء اور بڑے بڑے مشہور پنڈتوں سے آپ نے مناظرے فرمائے۔ اور ہمیشہ اللہ نے آپ کو فتح عطا فرمائی۔ اعلیٰ حضرت آپ کو مناظروں کے لئے خصوصی طور پر بلاتے تھے۔

بحیثیت خطیب:

آپ میدان خطابت کے بہترین شہسوار تھے ہر چہار جانب آپ کی

خطابت کی دھوم مچی ہوئی تھی، عوام و خواص سب کے لئے آپ کی تقریر موثر ہوا کرتی تھی، تحریک شدھی کے دوران آگرہ کی جامع مسجد میں ہوئی آپ کی ایک تقریر سے متعلق حضور مفتی اعظم ہند فرماتے ہیں:

"ہمارے وفد کے بہترین رکن حضرت مولانا المحترم مولوی محمد نعیم الدین صاحب زیدت برکاتہ نے اسلام کی شان وشوکت اور موجودہ حالت زار پر دلگداز تقریر فرمائی۔ اللہ تعالیٰ کے فضل سے مجمع ماہی بے آب کی طرح تڑپ رہا تھا اور مسلمانوں کے دل اسلامی جوش سے لہریں مار رہے تھے۔"

تصانیف:

آپ نے متعدد مقالات ومضامین تحریر فرمائے اور گراں قدر علمی کتابیں یادگار چھوڑیں۔

ذیل میں چند کتابوں کے نام درج کئے جاتے ہیں

☆ تفسیر خزائن العرفان
☆ الکلمۃ العلیاء لاعلاء علم المصطفیٰ
☆ اطیب البیان رد تقویۃ الایمان
☆ فیضان رحمت بعداز دعاء برکت
☆ فرائد النور علی جرائد القبور
☆ التحقیقات لدفع التلبیسات
☆ آداب الاخیار فی تعظیم الاثار
☆ اسواط العذاب علی قوامع القباب
☆ القول السدید فی مسائل الختم ومعانقۃ العید

☆ مختصر الاصول المعروف بہ اصول حدیث
☆ الکتاب المستطاب المحتوی علی الاسانید الصحیحہ المعروف بہ ثبت نعیمی
☆ شرح شرح ماۃ عامل
☆ حاشیۃ میر ایساغوجی، غیر مطبوع

تحریکات میں اعلیٰ کارکردگی:

آپ کے دور مبارک میں اسلام کے خلاف جتنی تحریکوں نے جنم لیا قریب قریب آپ نے سبھی کے سدباب کے لئے کوششیں کیں تحریک شدھی، تحریک خلافت، تحریک ترک موالات تحریک گورکل کے سدباب کے لئے آپ نے جو قربانیاں پیش کیں اس کی مثال نہیں ملتی۔ بے شمار کافروں کو داخل اسلام کیا اور لاکھوں کے ایمان کو محفوظ کیا۔

آل انڈیا سنی کانفرنس:

آپ نے ۱۹۲۵ء میں حق کی حمایت اور باطل کی ریشہ دوانیوں کے سدباب کے لئے ایک تنظیم الجمعیۃ العالیۃ المرکزیۃ المعروف بہ آل انڈیا سنی کانفرنس کی بنیاد رکھی جس میں ہندوپاک کے مشاہیر علماء نے شمولیت اختیار فرمائی اور میدان عمل میں اتر کر باطل کا مقابلہ کیا اور فتح حاصل کی۔

بحیثیت شاعر:

آپ کو اللہ نے فن شاعری میں کمال عطا فرمایا تھا عربی فارسی اردو تینوں زبانوں میں آپ نے شاعری کی ہے آپ کی شاعری میں کمال کی چاشنی اور جدت وجاذبیت پائی جاتی ہے۔ آپ کی شاعری پر مشتمل کتاب بنام

"ریاض نعیم" منظر عام پر آچکی ہے۔

زیارت حرمین شریفین:

آپ دوبار زیارت حرمین شریفین سے مشرف ہوئے پہلی بار ۱۹۳۶ء میں اور دوسری بار ۱۹۳۹ء میں۔ آپ نے وہاں بھی حقانیت کا دامن ہاتھ سے نہ چھوڑا، کھڑے ہو کر صلوٰۃ وسلام پڑھنا، بارگاہ نبوی میں ہاتھ باندھ کر کھڑے ہونا، اپنی جماعت الگ کرنا، نجدی امام کی اقتدا نہ کرنا وغیرہم شعائر اہلسنت پر آپ وہاں بھی عمل پیرا رہے۔

جامعہ نعیمیہ:

دبستان علم وحکمت مدرسہ انجمن اہلسنت المعروف بہ جامعہ نعیمیہ ہندوپاک کے مشہور مدارس میں امتیازی شان کا متحمل ہے۔ ماہ صفر ۱۳۲۹ھ مطابق ۱۶ر فروری ۱۹۱۱ء کو اس مدرسہ کا قیام عمل میں آیا اس کے ناظم آپ اور صدر حکیم حامی الدین خاں رئیس مرادآباد منتخب ہوئے۔ مدرسہ نے اول دن سے اب تک نہ جانے کتنے ہی نامور علماء ومشائخ کو جنم دیا۔ اور اب بھی یہ سلسلہ جاری ہے

سفر آخرت:

۱۹ر ذوالحجۃ المکرّمۃ ۱۳۶۷ھ مطابق ۲۳ر اکتوبر ۱۹۴۸ء کو رات ساڑھے بارہ بجے آپ اس دار فانی سے تشریف لے گئے۔

مزار پرانوار:

ملک کی عظیم دینی درسگاہ جامعہ نعیمیہ میں مسجد کی بائیں جانب آپ کا مزار شریف ہے۔

ابر رحمت تیرے مرقد پر گہر باری کرے
حشر میں شان کریمی ناز برداری کرے

شیخ الکل مولانا محمد گل علیہ الرحمہ

ولادت:

رہبر شریعت وطریقت استاد العلماء حضرت العلام مولانا مفتی الحاج شاہ محمد گل خاں صاحب قادری کابلی تیرھویں صدی ہجری کے وسط ۱۲۵۸ھ ۱۸۴۲ء میں ملک افغانستان کے مشہور شہر کابل میں پیدا ہوئے۔

تعلیم:

ابتدائی تعلیم آپ نے اپنے آبائی وطن کابل ہی میں حاصل کی اور بقیہ تعلیم مولانا مشک عالم، مولانا نصر اللہ خاں غزنوی، مولانا فیض الحسن سہارنپوری سابق پروفیسر شعبہ عربی اورنٹیل کالج لاہور، شیخ محمد مکی کتنی خلوتی، سے حاصل کی اور حضرت شاہ فضل الرحمٰن گنج مرادآبادی، اور مولانا عبدالعزیز امروہوی سے بھی آپ کو شرف تلمذ حاصل ہے۔

سلسلۂ اسناد:

مولانا مقتدانا خاتم المحققین سید محمد مکی کتنی خلوتی علیہ الرحمہ خطیب وامام ومدرس مسجد حرام، سے آپ کو شرف تلمذ کے ساتھ علم تفسیر، حدیث، فقہ، وغیرہ علوم اسلامیہ کے علاوہ اوراد ووظائف، مسلسلات اور کلمہ طیبہ کی سند واجازت بھی حاصل ہے اور بعید نہیں کہ شیخ سید احمد بن زینی

دحلان مکی سے بھی آپ کو سند واجازت حاصل ہو۔

ہندوستان آمد:

۱۸۶۸ء یا ۱۸۷۵ء میں ہند کے صوبہ اترپردیش کے مشہور شہر مرادآباد میں تشریف لائے اور یہیں مستقل سکونت اختیار فرمائی۔

درس وتدریس:

مرادآباد میں حاجی امداد العلی سی ایس آئی ڈپٹی کلکٹر مرادآباد کے قائم کردہ مدرسہ امدادیہ میں ۱۸۸۱ء سے تدریسی خدمات کا آغاز فرمایا اور تا حیات اسی مدرسہ سے وابستہ رہے آپ کی تدریسی خدمات کو سراہتے ہوئے علامہ فضل حق خیرآبادی کے صاحبزادے علامہ عبدالحق خیرآبادی فرماتے ہیں ''مولانا محمد گل خاں صاحب جو مدرسہ کے مہتمم ہیں طلباء کی تعلیم وتربیت توجہ وتندہی سے کر رہے ہیں اگر مولانا موصوف اسی طرح محنت کرتے رہے تو امید ہے کہ تھوڑی مدت میں اس مدرسہ کے طلباء تمام علوم وفنون میں ماہر ہو کر نکلیں گے''

تصانیف:

درس وتدریس اور دیگر گوناگوں مصروفیات، نیز امراض شدیدہ میں گرفتار ہونے کے باوجود آپ نے مختلف موضوعات پر درج ذیل یادگار تصانیف قوم کو عطا فرمائیں۔

☆ **ذخيرة العقبٰى فى استحباب ميلادمصطفى**

☆ **اثبات المعقول بالمنقول على رغم الف كل ظلوم وجهول**

☆ **لؤلؤالمنثورفى مدح والى رام فور**

☆ **دعائے برکت برطعام ضیافت، دعائے اموات بوقت جمعرات**

☆ **براهين بينه براثبات نذورمعينه**

تلامذہ:

حضور صدر الافاضل علیہ الرحمہ کے علاوہ بے شمار علماء وفضلاء نے آپ کی بارگاہ سے شرف تلمذ حاصل کیا۔

کرامات:

آپ بحرولایت کے غواص، حقیقت کے اسرار ورموز کے ماہر کشاف، صاحب کرامات بزرگ تھے۔ آپ کی بیشمار کرامات ہیں ہم یہاں ایک کرامت پر اکتفا کرتے ہیں۔

ایک دفعہ حضور صدر الافاضل علیہ الرحمہ آپ کی بارگاہ سے علمی اکتساب فرمارہے تھے رات کا کافی حصہ گزر چکا تھا بارش ہورہی تھی آپ نے عرض کیا حضور مجھے گھر جانا ہے اور بارش ختم ہونے کا نام نہیں لے رہی ہے شیخ الکل نے اپنے سعادت مند تلمیذ وعلمی وارث سے فرمایا قریب آؤ آپ قریب ہوئے تو شیخ الکل نے آپ کے سر پر اپنا مقدس ہاتھ رکھا اور فرمایا چلے جاؤ بارش کا کوئی قطرہ بھی جسم پر نہیں گرے گا خود حضور صدر الافاضل فرماتے ہیں خدا کی قسم جب گھر پہنچا تو بارش کا ایک چھینٹا بھی میرے اوپر نہ گرا تھا میں حیرت واستعجاب میں پڑ گیا۔

رحلت:

ماہ ربیع الاول ۱۳۳۰ھ مطابق ۱۹۱۲ء ۱۰/ مارچ سے ۲۳/ مارچ کی درمیانی تاریخ میں آپ اس دار فانی سے کوچ فرما گئے۔ اللہ آپ کے درجات کو بلندی عطا فرمائے۔ آمین

آپ کا مزار پُر انوار ''مرادآباد'' کی مشہور قلعہ والی مسجد میں آج بھی مرجع ہر خاص وعام ہے۔

ربیع الاول شریف کے مقدس مہینے میں آپ کا عرس شریف بڑے ہی تزک واحتشام سے منایا جاتا ہے۔

حضرت شیخ سید محمد مکی کتنی

ولادت باسعادت:

شیخ سید محمد مکی کتنی بن سید محمد بن صالح کتنی بن محمد بن حسین کتنی ۱۲۸۰ھ مطابق ۱۸۶۳ء مکہ مکرمہ میں پیدا ہوئے۔ اور اسی سال آپ کے عظیم المرتبت دادا سید محمد بن حسین کتنی علیہ الرحمہ نے وصال فرمایا آپ کے دادا محترم اور والد گرامی کا ذکر آگے آرہا ہے۔ آپ کی والدہ ماجدہ مسجد حرم کے مدرس، جماعت مالکی کے مفتی اور مصنف کتب عدیدہ حضرت علامہ سید احمد بن رمضان مرزوقی حسنی کی بیٹی تھیں۔

تعلیم:

آپ نے والدمحترم کے زیرتربیت حفظ قرآن کی تکمیل فرمائی اور دیگر علوم وفنون کی تحصیل کی۔والدگرامی کے علاوہ دیگر علماء خصوصاً مفتی شافعیہ حضرت العلام سیداحمد بن زینی دحلان مکی مدنی اور سیدابوالمحاسن محمد بن خلیل قاوقجی ازہری سے بھی علوم اخذ فرمائے۔

امامت وتدریس:

جب آپ کی عمرشریف ۱۵برس ہوئی تو آپ کے والدماجد آپ کوصدمہ مفارقت دے گئے بعدۂ آپ مسجدحرم کے امام وخطیب مقرر ہوئے نیز مسجدحرم کی مسندتدریس بھی آپ کے سپرد کی گئی۔

بیعت وخلافت:

آپ کوسلسلہ خلوتیہ میں والدگرامی اور سلسلہ قادریہ میں شیخ حضرت مصطفیٰ افندی بن علی مرعشی علیہماالرحمہ سے شرف بیعت واجازت وخلافت حاصل ہے اورآپ نے شیخ الکل مولانامحمدگل کوسلسلہ قادریہ کی اجازت وخلافت مرحمت فرمائی۔اورانہوں نے حضورصدرالافاضل کو،صدرالافاضل نے اپنی کتاب مستطاب ثبت نعیمی میں اس خلافت نامہ کودرج فرمایا ہے جس کاذکراس کے مقام پربیان کیاجائے گا۔

تلامذہ:

شیخ الکل مولانامحمدگل کے علاوہ بہت سے نامورعلماء کوآپ نے شرف تلمذ سے نوازا۔شیخ الکل کوتمام اسانیدومرویات کی اجازت بھی آپ نے مرحمت

فرمائی،اورانہوں نے اپنے تلمیذخاص حضرت العلام سیدمحمدنعیم الدین مراد آبادی کوتمام اسانیدومرویات کی اجازت عطافرمائی۔

وفات: آپ ایک سال مستقل مرض شدید میں مبتلارہ کر ۱۳۲۳ھ مطابق ۱۹۰۵ء کودارنعیم کی جانب کوچ فرماگئے مکہ مکرمہ کے مشہورقبرستان المعلی میں آپ کی قبرہے جوآج بھی زائرین کومستفیض کررہی ہے۔(۱)

شیخ سیدمحمدصالح بن محمدکتبی

پیدائش:

آپ ۱۲۴۵ھ ۱۸۳۰ء میں مصرکی سرزمین پرتولدہوئے دس سال کی عمرمیں والدمحترم سیدمحمدبن حسین کتبی کے ساتھ مکہ مکرمہ ہجرت فرمائی۔

تعلیم وتربیت:

مسجدحرم میں والدمحترم کی بارگاہ میں رہ کرعلوم ظاہری وباطنی کی تحصیل فرمائی۔نیزحضرت علامہ سیدعبداللہ بن محمدکوچک بخاری علیہ الرحمہ سے بھی آپ کوشرف تلمذحاصل ہے۔کوچک بخاری سے آپ نے بخاری شریف وغیرہ کتب حدیث پڑھیں۔

منصب امامت:

علوم مروجہ کی تکمیل کے بعدآپ مسجدحرم میں منصب امامت پرفائزہوئے

(۱) مکہ مکرمہ کے کتبی علماءص ۳۵تا۳۸ملخصا

ساتھ ہی ساتھ والدمحترم کے معاون بن کرعلمی ودینی خدمات میں مصروف ہوگئے۔والدمحترم کے وصال کے بعدمسجدحرم ہی میں تدریسی خدمات انجام دیتے رہے۔

تصنیفات:

آپ نے قلمی میدان میں بھی طبع آزمائی فرمائی والدمحترم کے بے ترتیب فتووں کومرتب کرکے کتابی شکل میں شائع کرانے کے علاوہ درج ذیل کتابیں تصنیف فرمائیں۔

☆ حاشیہ علی تفسیر ابی السعود الرومی

☆ حاشیہ علی شرح ابن الشحنۃ

☆ حاشیہ علی ملامسکین علی الکنز

وصال:

اپنی تمام زندگی خدمت دین میں صرف فرماکررجب المرجب کے مقدس مہینہ ۱۲۹۵ھ ۱۸۷۸ء طائف کی سرزمین پرآپ کاوصال ہوا۔

آپ کامزارسیدناعبداللہ ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے مزار پُرانوارسے متصل ہے۔(۱)

اللہ تعالیٰ آپ کے مزارکومنورفرمائے۔آمین

(۱) مکہ مکرمہ کے کتبی علماءص ۳۲تا۳۵

شیخ سیدمحمدبن حسین کتبی

ولادت:

مسجدحرم کے خطیب وامام ومدرس،مفتی احناف مکہ مکرمہ استاذِشیخ الکل مولانامحمدگل شیخ سیدمحمدبن حسین کتبی علیہ الرحمہ نے ۱۲۰۲ھ مطابق ۱۷۸۸ء میں ملک مصرکواپنے وجودمسعودسے مشرف فرمایا۔

تعلیم وتربیت:

ابتدائی تعلیم کی تکمیل کے بعدآپ دنیاکےعظیم ادارہ جامعہ ازہرشریف میں حصول تعلیم کے لئے داخل ہوگئے۔تحصیل علوم میں خوداپنی محنت وجانفشانی اوراساتذہ کی توجہات سے آپ نے بہت جلدہی علوم مروجہ کی تکمیل فرمالی۔

اساتذہ:

آپ نے درج ذیل اساتذہ کی بارگاہ سے استفادہ فرمایا۔

(۱) شیخ سیداحمدبن محمداسماعیل طحطاوی حنفی حاشیہ علی الدرمختار،حاشیہ علی شرح مراقی الفلاح وغیرہ دیگرکتب معتبرہ مشہورہ کے مصنف۔

(۲) شیخ حسن بن درویش قویسنی شافعی متوفی ۱۲۵۴ھ / ۱۸۳۸ء نے ۱۲۵۰ھ سے ۱۲۵۴ء پانچ سال تک جامعہ ازہرمصرکے شیخ الازہر(وائس چانسلر)رہے۔

(۳) شیخ محمد بن احمد بن عرفہ دسوقی مالکی متوفی ۱۲۳۰ھ ۱۸۱۵ء،آپ جامعہ ازہر کے ممتاز مدرسین میں سے تھے۔ محلی شرح قصیدہ بردہ کے محشی اور دیگر تصنیفات کے مصنف تھے۔

(۴) شیخ محمد بن شافعی فضالی شافعی متوفی ۱۲۳۶ھ ۱۸۲۰ء

(۵) شیخ محمد بن محمد سنباوی ازہری المعروف بہ امیر کبیر متوفی ۱۲۲۳ھ ۱۸۱۷ء۔ شیخ سید محمد بن حسین کتبی نے آپ سے علوم حدیث کی تحصیل فرمائی اور آپ ہی سے دلائل الخیرات کی اجازت وسند حاصل کی آپ نے ابن ہشام کی مغنی اللبیب پر حاشیہ نگاری فرمائی اور بہت سی کتب مہمہ یادگار چھوڑیں۔

(۶) شیخ محمد بن محمد بن محمد سنباوی المعروف بہ امیر صغیر آپ امیر کبیر علیہ الرحمہ کے صاحبزادے اور مصر کے مشاہیر مالکی فقہاء میں سے تھے آپ نے بھی کئی کتب یادگار چھوڑیں۔

(۷) شیخ محمد....صالح البانی حنفی۔

شرف بیعت وخلافت:

محشی تفسیر جلالین عارف باللہ حضرت العلام شیخ احمد بن محمد صاوی مالکی علیہ الرحمہ کی بارگاہ میں رہ کر آپ نے منازل سلوک طے کئے اورانہیں کے دست حق پرست پر شرف بیعت حاصل کیا علامہ صاوی نے آپ کو سلسلہ خلوتیہ میں داخل

فرما کر اجازت وخلافت سے نوازا۔

تدریسی خدمات:

جامعہ ازہر شریف میں آپ نے تدریسی خدمات انجام دیے، اساتذہ میں آپ کو نمایاں مقام حاصل تھا طلباء علوم دینیہ نے آپ کی بارگاہ سے مکمل استفادہ واستفاضہ کیا اور آپ نے بھی تشنگان علوم نبویہ کی سیرابی میں کوئی کسر اٹھا نہ رکھی اوران پر خوب خوب فیض افشانی فرمائی۔

حج وزیارت شریفین:

۱۲۵۵ھ یا ۱۲۵۸ھ میں آپ مصر سے تمام افراد خانہ کے ساتھ حج کعبہ وزیارت حرمین شریفین کے لئے روانہ ہوئے اور حج وغیرہ سے فراغت کے بعد آپ وہیں مستقل قیام کے ارادہ سے سکونت پذیر ہوگئے اور حکومت کی جانب سے مستقل اقامت کی اجازت حاصل کرنے کے لئے دارالخلافہ استنبول ایک درخواست ارسال فرمائی حکومت نے آپ کی درخواست کی وصولیابی پر آپ کو مکہ معظمہ میں مستقل سکونت کی اجازت دیدی۔

بحیثیت مفتی احناف:

مکہ مکرمہ میں مکمل اقامت وسکونت کی اجازت مل جانے کے بعد آپ نے پھر علمی خدمات کی جانب رجوع فرمایا۔اور مسجد حرم ہی میں تدریسی خدمات انجام دینے لگے اور کچھ ہی مدت کے بعد آپ مفتی احناف کے منصب جلیل القدر پر فائز ہوگئے ۔مفتی احناف مکہ مکرمہ کی حیثیت ملک عرب کی حنفی جماعت کے مفتی اعظم کی ہوتی تھی ۔گویا آپ ملک عرب کی حنفی جماعت کے مفتی اعظم

تھے۔آپ نے قریب نو سال وقت وصال تک اس عہدۂ جلیلہ پر تعینات رہ کر خدمت دین فرمائی۔

تصنیف وتالیف:

مفتی احناف کے منصب کی ذمہ داریوں ،مریدین ومستفیدین کی تربیت، عبادت وریاضت،گھریلو معاملات وغیرہ گوناگوں مصروفیات کے باوجود تصنیف وتالیف کے لئے بھی آپ نے وقت نکالا اوردرج ذیل تصانیف بطور یادگار چھوڑیں۔

☆ اجازۃ (مخطوطہ مخزونہ مکتبہ حرم مکی)
☆ حاشیہ علی کتاب الوقف من البحر
☆ حاشیہ علی شرح العینی علی الکنز
☆ خاتمہ علی کتاب شرح الدرر
☆ شرح علی نظم الکنز
☆ فتاویٰ

تلامذہ:

آپ کی بارگاہ سے یوں تو بیشمار طالبان علوم نبویہ نے استفادہ کیا لیکن ذیل میں صرف چند تلامذہ کے اسماء درج کئے جاتے ہیں۔

☆ حضرت العلام سید احمد زینی دحلان مکی متوفی ۱۳۰۴ھ ۱۸۸۶ء
☆ حضرت العلام سید محمد علاء الدین بن محمد امین عابدین شامی متوفی ۱۳۰۶ھ ۱۸۸۹ء۔

☆ حضرت العلام شیخ محمد بن علی کنانی شافعی متوفی ۱۳۰۸ھ ۱۸۹۱ء۔
☆ حافظ العصر شیخ محمد ناصر الدین ابوالنصر بن عبدالقادر خطیب متوفی ۱۳۲۴ھ ۱۹۰۶ء۔

سفر آخرت:

آپ نے مکمل زندگی خدمت دین میں گزار کر اور ہزاروں علمی ورثاء چھوڑ کر ۲ جمادی الآخر ۱۲۸۰ھ مطابق ۱۸۶۳ء میں دنیا سے کوچ فرمایا آپ کا مزار المعلی قبرستان میں ہے۔

اللہ آپ کے مزار پر رحمت ونور کی برسات فرمائے۔(آمین)[مکہ مکرمہ کے کتبی علماء ص ۱۰ تا ۳۲]

امام احمد بن محمد صاوی علیہ الرحمہ

ولادت:

علامہ احمد بن محمد الصاوی المالکی الخلوتی المصری علیہ الرحمہ ۱۱۷۵ھ مطابق ۱۷۶۱ء میں مصر میں دریائے نیل کے کنارے قصبہ "صاء الحجر" میں پیدا ہوئے۔

تعلیم:

آپ نے اپنے عصر کے اکابر ومشاہیر علما کی بارگاہ سے تحصیل علم فرمایا اور تفسیر، حدیث فقہ وغیرہ علوم میں مہارت تامہ حاصل فرمائی۔

اساتذہ:

شیخ محمد بن سالم حفناوی شافعی خلوتی مصری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ
شیخ علی بن احمد بن مکرم صعیدی عدوی مصری
شیخ حامد محمد بن محمد بن احمد بدیری، حسینی دمیاطی اشعری شافعی
شیخ سلیمان بن عمر بن منصور العجیلی الشافعی جو کہ جمل کے نام سے مشہور ہیں

بیعت:

تصوف کے مشہور سلسلۂ خلوتیہ میں حضرت شیخ ابو البرکات احمد بن محمد بن احمد العدوی المالکی الخلوتی الازھری رحمۃ اللہ علیہ کے دست حق پرست پر آپ نے بیعت فرمائی۔

تصانیف:

امام صاوی رحمۃ اللہ علیہ نے درج ذیل کتب تصنیف فرمائیں

(۱) حاشیہ تفسیر جلالین
(۲) الاسرار الربانیه والقبوضات الرحمانية على الصلوٰت الدرديرية .
(۳) بلغة السالک لاقرب المسالک فی فروع الفقه المالكی .
(۴) حاشية على انوار التنزيل للبيضاوی.
(۵) حاشية على الخريدة البهية الدردير فی الكلام .
(۶) حاشية على جوهرة التوحيد للقانی .

(۷) حاشية على شرح الدردير على رسالة فی علم البيان المسماة تحفة الاخوان .
(۸) الفوائد السنية شرح الهمزية للامام بوصيری .

مناقب:

آپ کے مناقب پر مشتمل شیخ یوسف نبہانی علیہ الرحمہ کا جامع ومانع فرمان ملاحظہ ہو فرماتے ہیں کہ ”علامہ شیخ احمد صاوی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ اس بات کے محتاج نہیں کہ ان کی ولایت وفضیلت کے لیے ان کی کرامات نقل کی جائیں، تمام مسلمان اس بات پر متفق ہیں کہ آپ علمائے عاملین اور ہدایت یافتہ وہادی آئمہ علوم کے قائد اور کامل وعارف اولیاء اللہ کے شیخ تھے“۔

وصال:

۱۲۴۱ھ مطابق ۱۸۲۵ء میں مدینہ منورہ میں آپ کی وفات ہوئی اور جنت البقیع میں تدفین عمل میں آئی۔

آپ کا مزار پُر انوار آج بھی مرجع خلائق بنا ہوا ہے۔

علامہ طحطاوی کا آئینۂ حیات

ولادت:

فقیہ شہیر حضرت علامہ سید احمد بن محمد بن اسمٰعیل طحطاوی ایک روایت کے مطابق ۱۷۵۴ء میں مقام طحطا میں پیدا ہوئے۔

تحصیل علم:

والد محترم کی بارگاہ میں حفظ قرآن مکمل فرمایا نیز انہیں سے ابتدائی تعلیم بھی حاصل کی۔ اوراس کے بعد ۱۷۶۸ء میں مصر کی مشہور دینی درسگاہ جامعہ ازہر میں داخل ہو کر قابل ومشاہیر علماء سے اکتساب علم کیا اور وہیں سے فراغت پائی۔

مفتی اعظم مصر:

مصر میں سرکاری سطح پر حنفی مذہب رائج تھا اس لئے وہاں مفتی اعظم کے منصب جلیل پر حنفی علماء ہی تعینات کئے جاتے تھے اور علامہ طحطاوی چوں کہ مذہب حنفی کے مشہور علماء میں سے ایک تھے اسی لئے ۱۸۰۹ء میں آپ مصر کے مفتی اعظم مقرر ہوئے۔ لیکن دوماہ کے بعد حاسدین ومخالفین کی چیرہ دستیوں کے سبب آپ اس منصب سے معزول کر دئے گئے۔ البتہ وقت نے ایک بار پھر کروٹ لی اور ۱۸۱۵ء میں دوبارہ آپ مفتی اعظم مقرر کئے گئے اور پھر تاحیات آپ اس عہدہ پر فائز رہے۔

تلامذہ:

آپ نے بے شمار مشاہیر تلامذہ چھوڑے ذیل میں چند اسماء درج کئے جاتے ہیں:

☆ علامہ سید محمد بن حسین کتبی
☆ علامہ سید محمد بن صالح البناء
☆ علامہ ابراہیم چلپی
☆ علامہ عثمان بن حسن دمیاطی

☆ علامہ احمد بن محمد تمیمی
☆ علامہ سید حسین بن سلیم دجانی
☆ شیخ عبد المولی بن عبد اللہ مغربی

تصانیف:

آپ نے درج ذیل فقید المثال تصانیف یادگار چھوڑیں۔

☆ حاشیۃ الطحطاوی علی الدر المختار چار جلدوں میں ہے۔
☆ حاشیۃ الطحطاوی علی مراقی الفلاح
☆ ثبت طحطاوی
☆ کشف الرین عن بیان المسح علی الجوربین

وفات:

۱۵؍رجب ۱۲۳۱ھ مطابق ۱۱؍جون ۱۸۱۶ء کو قاہرہ میں آپ کی وفات ہوئی اور قاہرہ ہی کے قرافہ نامی قبرستان میں آپ کی تدفین ہوئی۔

آج بھی آپ کا مزار مرجع خلائق بنا ہوا ہے، اللہ آپ کے مزار اقدس پر تا قیام قیامت نور کی بارش نازل فرمائے۔

علامہ شرقاوی کا سوانحی خاکہ

ولادت باسعادت:

شیخ شرقاوی ۱۱۵۰ھ ۱۷۳۷ء کو ملک مصر کے بلبیس شہر کے ایک چھوٹے سے گاؤں طویلہ میں پیدا ہوئے۔

تعلیم:

قرین نامی گاؤں میں ابتدائی تعلیم حاصل کی نیز حفظ قرآن کی تکمیل فرمائی۔ بعدۂ حصول تعلیم کے ارادہ سے جامعہ ازہر شریف کی جانب رخ فرمایا اور جملہ علوم مروجہ وہیں رہ کر حاصل کئے۔

اساتذہ:

آپ نے اس دور کے نامور علماء ومشائخ سے اکتساب فیض کیا خصوصاً شیخ الازہر حضرت العلام محمد بن سالم حفنی کی بارگاہ سے علوم ظاہر و باطن اخذ فرمائے۔

بیعت وخلافت:

علامہ شرقاوی نے شیخ محمد بن سالم حفنی ہی سے شرف بیعت حاصل کیا شیخ نے سلسلہ خلوتیہ میں آپ کو داخل فرما کر اپنی تمام اسانید ومرویات کے علاوہ وظائف واوراد مخصوصہ کی سند واجازت مرحمت فرمائی۔حضور صدر الافاضل نے ثبت نعیمی میں آپ کی اسانید ومرویات کو درج فرمایا ہے۔علامہ شرقاوی نے شیخ محمد بن سالم بن حفنی کے خلیفہ خاص عارف باللہ شیخ طریقت حضرت العلام شیخ محمود کردی جو خواب میں بارہا سرکار علیہ السلام کے دیدار پر انوار سے مشرف ہوئے نیز حضرت خضر علیہ السلام سے حالت خواب وعالم بیداری میں متعدد بار ملاقات فرمائی، کی بارگاہ میں رہکر طریقت وحقیقت کی منزلیں طے کیں اوران سے اجازت وخلافت بھی پائی۔

شیخ محمد بن سالم حفنی اور شیخ محمود کردی کے وصال کے بعد سلسلہ خلوتیہ کی

باگ ڈور آپ کے ہاتھ میں آئی آپ نے حسن وکردار وعمل کے ذریعہ سلسلہ خلوتیہ کو خوب خوب فروغ دیا۔

درس وتدریس:

جامعہ ازہر شریف میں مسند تدریس کو آپ نے زینت بخشی شعبہ رواق جبرت میں مدرس ہوئے جامعہ ازہر سے قدرے فاصلہ پر واقع مدرسہ طیبر سیہ نیز مدرسہ سنانیہ میں بھی آپ نے تدریسی خدمات انجام دیں۔

تلامذہ:

تفسیر جلالین کے محشی امام بوصیری کے نعتیہ قصیدہ ہمزیہ کے شارح مفسر اعظم محدث کبیر فقیہ فقہ مالکیہ حضرت العلام شیخ احمد بن محمد صاوی علیہ الرحمہ کے علاوہ بے شمار مشاہیر علماء کو آپ نے اپنی بارگاہ سے فیضیاب فرمایا۔

بحیثیت شیخ الازہر:

۱۲۰۸ھ ۱۷۹۴ء کو جامعہ ازہر کے وائس چانسلر یعنی شیخ الازہر کے جلیل القدر منصب کے لئے آپ کا انتخاب ہوا آپ جامعہ ازہر کے بارہویں وائس چانسلر ہوئے ۔آپ سے قبل گیارہ عظیم شخصیات نے اس عہدہ کو شرف بخشا۔آپ قریب انیس برس تک اس عہدہ پر متمکن رہے۔آپ کے دور ہی میں شعبہ رواق الشراقوۃ وجود میں آیا علاوہ ازیں جامعہ ازہر میں بیرونی طلباء کے خوردونوش، نیز قیام وغیرہ کا انتظام آپ ہی کے عہد سے ہوا۔

سیاسی سرگرمیاں:

آپ نے اس منصب پر متمکن ہونے کے بعد جامعہ کے تعلیمی وداخلی

معاملات سے قطع نظر سیاسی معاملات میں بھی حصہ لیا اور اپنے اس منصب جلیل کا بھر پور فائدہ اٹھایا۔ایک مرتبہ آپ کے گاؤں کے کچھ کسان حکومت کی چند شکایتیں لے کر آپ کی بارگاہ میں آئے اور آپ سے مدد کی درخواست کی ۔دیگر شکایتوں سے قطع نظر ایک اہم شکایت یہ تھی کہ صوبائی حکومت نے ہم پر ہماری طاقت واستطاعت سے زیادہ ٹیکس لگا رکھا ہے۔شیخ شرقاوی نے بذات خود حاکم وقت کے دربار میں جاکر جملہ شکایات رکھیں اوران کے ازالہ کا مطالبہ کیا۔حاکم مصر نے آپ کی بیان کردہ شکایات کو نظر انداز کردیا۔چنانچہ آپ نے اس کے ردعمل میں اس دور کے عظیم دینی وسیاسی رہنما سلسلہ شاذلیہ کے مرشد کبیر سید شمس الدین المعروف بہ ابن عارفین وشیخ سادات سے اس معاملہ میں مشورہ کیا مشورہ میں دوسرے روز جامعہ ازہر بند کردینے نیز شہر کی ساری دوکانیں بند رکھنے اور اجتماعی شکل میں لوگوں کا شیخ سادات کے مکان پر جمع ہوکر حکومت کے خلاف احتجاج کرنے کی تجاویز پاس ہوئیں۔چنانچہ دوسرے روز یہی ہوا جامعہ ازہر بند رہا،شہری لوگ اپنی اپنی دکانیں بند کر کے شیخ سادات کے مکان پر حاضر ہوگئے اور حکومت کے خلاف احتجاج شروع کردیا۔حکومت نے شہر کا معاملہ بگڑتا دیکھا تو فوراہی تمام شکایات کے دفعیہ کا وعدہ کرلیا۔لیکن علامہ شرقاوی جیسا جلیل القدر مفکر ومدبر ودوررس رہنما اس سیاسی فریب میں آنے والوں میں نہیں تھا آپ نے حکومت کے اس زبانی وعدہ کو نکارتے ہوئے تحریری شکل میں ٹیکس وغیرہ جملہ مطالبات نیز ایک اہم دستاویز پر معاہدہ لینے کا اصرار کیا۔بالآخر حکومت نے آپ کی ضد کے سامنے گھٹنے ٹیک دئے اور جملہ شکایات کو دور کرتے ہوئے وتمام مطالبات کو پورا کرتے ہوئے آپ کی تیار کردہ دستاویز پر بھی جو آج تک مصری حضرات کے لئے مفید وکارگر ثابت

ہو رہی ہے، مہر رضا ثبت کردی۔

۱۲۱۳ھ ۱۷۹۸ء میں ملک مصر پر فرانس کے نپولین بوناپارٹ کی فوج قابض ہوگئی اور اس نے مصری زعماء وعلماء کی ایک مجلس تشکیل دی اور شیخ عبداللہ شرقاوی کو اس مجلس کا سربراہ منتخب کیا۔نپولین بوناپارٹ اپنے مصاحبین سے کہتا تھا کہ اگر تم لوگ مصری علماء خصوصاً شیخ شرقاوی کو لالچ دیکر اپنے ساتھ کرلو تو یقیناً پورا ملک مصر ہمارے قبضہ میں آجائے گا۔اس نے اپنی فوج کو حکم دے رکھا تھا کہ جب یہ علماء دربار میں آئیں تو دروازے پر جاکر ان کا استقبال کرو اور انہیں سلامی پیش کرو۔شیخ شرقاوی وغیرہ علماء اس کے اس فریب میں کب آنے والے تھے وہ اس کے ناپاک ارادہ سے بخوبی واقف تھے۔نپولین نے ملک مصر پر قابض ہونے کے فورا بعد جن مشاہیر علماء ومشائخ سے ملاقات کی خواہش کا اظہار کیا اور انہیں دربار میں مدعو کیا ان میں شیخ شرقاوی کا نام سرفہرست تھا۔شیخ شرقاوی وغیرہ علماء جب دربار میں تشریف لے گئے تو نپولین نے انہیں تحائف پیش کرنا چاہے سب سے پہلے شیخ شرقاوی کو شال پیش کی اور خود اپنے ہاتھوں سے اس شال کو آپ کے مبارک کاندھوں پر رکھنا چاہا تو آپ نے زور سے اس کے ہاتھوں کو جھٹک کر شال زمین پر پھینک دی۔اور قدرے توقف کے بعد آپ وہاں سے کچھ کہے بغیر واپس تشریف لے آئے۔

شیخ شرقاوی نے فرانسیسی فوج کے چنگل سے ملک کو آزاد کرانے اور مصر میں اسلامی تہذیب کی بقاء وتحفظ کی خاطر حد درجہ کوشش فرمائی۔جس کے نتیجہ میں حکومت نے آپ کو دار الخلافہ استنبول سے خفیہ ربط رکھنے اور عوام کو فرانسیسی فوج کے خلاف محاذ آرا ہونے کی ترغیب دینے کے الزام میں دوبار قید کیا۔لیکن ٹھوس

ثبوت نہ ملنے کی وجہ سے جلد ہی آپ کو رہا کردیا گیا ۱۲۱۶ھ ۱۸۰۱ء کو مصری وعثمانی اور برطانوی افواج کے ہاتھوں فرانسیسی فوج کو شکست ہوئی۔ اور ملک مصر فرانسیسی فوج کے چنگل سے آزاد ہو گیا۔

۷؍رجب ۱۲۲۱ھ ۲۰؍ستمبر ۱۸۰۶ء کو حاکم مصر محمد علی پاشا نے شیخ شرقاوی کی سرگرمیوں پر پابندی لگا کر آپ کو گھر میں نظر بند کرنے کا حکم دیدیا۔ یہاں تک کہ نماز جمعہ کے لئے بھی گھر سے نکلنے پر پابندی لگادی۔ ۱۸۰۷ء کو ملک مصر پر جنرل فریزیر کے زیر قیادت برطانوی فوج نے حملہ کر کے مصر کے کچھ علاقوں کو قبضہ میں لے لیا لیکن علامہ شرقاوی ودیگر علماء حق کی جدوجہد سے عوام منظم ومتحد ہو گئی جس کی وجہ سے دشمن میدان چھوڑ کر بھاگ گئے۔

تصانیف:

دینی وسیاسی سرگرمیوں میں شیخ کی مصروفیت اور جامعہ ازہر کے وائس چانسلر کے عہدہ نیز فتوی نویسی کی ذمہ داریوں کے باوجود تصنیف وتالیف کے لئے بھی آپ نے وقت نکالا اور مختلف موضوعات پر متعدد کتابیں تصنیف فرمائیں۔ جن میں سے چند حسب ذیل ہیں۔

☆ الجامع الحاوی فی مرویات الشرقاوی المعروف بہ ثبت شرقاوی
مختصر مغنی اللبیب
☆ شرح الحکم
☆ فتح المبدی بشرح مختصر الزبیدی
☆ الجواہر السنیہ علی المتن والعقائد المشرقیہ
☆ رسالۃ فی مسالۃ اصولیۃ فی جمع الجوامع

وفات:

دینی وملی سیاسی ومعاشرتی سرگرمیوں میں زندگی بسر فرما کر آخرکار ۲؍شوال ۱۲۲۷ھ مطابق ۹؍اکتوبر ۱۸۱۲ء بروز جمعرات آپ دنیائے دارفانی کو خیرباد کہہ کر سوئے دارالبقاء روانہ ہو گئے۔ جامعہ ازہر میں آپ کی نماز جنازہ ہوئی اور مجاورین قبرستان کے قریب واقع خانقاہ طغائی کے احاطہ میں آپ کی تدفین عمل میں آئی۔ اللہ آپ کے مزار پر رحمتیں نازل فرمائے۔ (آمین)

ہدیۂ تشکر:۔

آخر میں اپنے تمام مشفقین، معاونین اور محبین کا شکریہ ادا کرتا ہوں خصوصاً پیکر خلوص حضرت علامہ صاحبزادہ سید وجاہت رسول صاحب قبلہ، حضرت فقیہ شہیر علامہ محمد محبّ اللہ نوری صاحب قبلہ اور حضرت علامہ محمد یامین صاحب قبلہ جنہوں نے ہر محاذ پر میری حوصلہ افزائی فرمائی۔ اللہ تعالی میرے ان بڑوں کا سایہ میرے سر پر تادیر قائم رکھے۔ اور محبّ گرامی جناب ناظم رضا نوری منصوری اور جناب وصی احمد خان ازہری اور جملہ اراکین مدینہ مسجد کا بھی شکرگزار ہوں جنہوں نے اس خدمت دین پر استقامت کے ساتھ ڈٹے رہنے میں مشوروں، دعاؤں اور محبتوں سے میری مدد کی۔ اللہ ان حضرات کے علم وعمل دینی ذوق اور رزق میں برکتیں عطا فرمائے۔ (آمین)

خادم العلم والعلماء
محمد ذوالفقار خان نعیمی ککرالوی بدایونی
مؤرخہ ۲۵؍ذوالحجہ ۱۳۳۳ھ

اسانید صدرالافاضل

سند نعیمی اور امام طحطاوی

حضور صدرالافاضل کو شیخ الکل مولانا محمد گل نے امام طحطاوی کی مرویات کی اجازت وسند حسب ذیل الفاظ میں عطا فرمائی:

"اما بعد فیقول فقیر ربہ واسیر ذنبہ کثیر المساوی محمد گل الکابلی لما قرء علی الفاضل الکامل کریم الحیا کثیر الادب والحیا الملازم علی التقوی المجانب اللاھوی ملازم الدروس وحبیب النفوس العالم الفاضل حاوی الفواضل المولوی محمد نعیم الدین مرادآبادی کتب الحدیث والتفسیر والفقہ وغیرھا ثم التمس منی ان اجیزہ بما احتوی علیہ الذی من کتب الفقہ والحدیث والتفسیر وذالک من حسن ظنہ بانی اھل لذلک ولیس الامر فی الواقع کذالک لکن قضی بانی اسئل عن تلک المسالک وقضاء اللہ لیس لہ نافع فاجبنتہ متمثلا کما اجازنی بذلک سیدی المرحوم مولانا مقتدانا کوکب الھدایۃ فی الحرمین الشرفین خاتم المحققین السید محمد المکی الکتبی الخلوتی الخطیب والمدرس فی المسجد الحرام وھو مجاز عن والدہ المرحوم خاتم المحققین

السیدمحمدالکتبی الخطیب والامام والمدرس بالمسجدالحرام عن والده مفتی الاحناف بالبلدة الحرام السیدمحمدبن حسین الکتبی قدس المولی روحه فی دارالسلام کمااجازه بذلک استاذه خاتمة المحققین مولانا المرحوم السیداحمدالطحطاوی محشی الدرالمختاررحمه مولاه رحمةالابراروا وصیه بالتقوی فانهاالسبب الاقوی وان لاینسانی من صالح دعواته فی خلواته وجلواته. کتبه العبدالمعتصم بذیل سیدالرسل محمدگل الکابلی المدرس فی المدرسة العالیه الواقعه فی مرادآباد"

شیخ الکل کی درج بالاتحریر کے مطابق حضورصدرالافاضل کا اتصال امام طحطاوی تک چارواسطوں سے ہے یعنی حضورصدرالافاضل اورامام طحطاوی کے مابین چارواسطے ہیں اوروہ یہ ہیں:

☆ شیخ الکل مولانامحمدگل

☆ سیدمحمدمکی کتبی خلوتی

☆ سیدمحمدصالح کتبی

☆ سیدمحمدبن حسین کتبی

حضورصدرالافاضل کوشیخ الکل سے تین علوم،فقہ،حدیث اورسیرت سے متعلق امام طحطاوی کی مرویات کی اجازت وسندحاصل ہے۔

حضورصدرالافاضل نے مذکورہ علوم ثلاثہ سے متعلق امام طحطاوی کی سات

سندیں اپنی عربی تصنیف "الکتاب المستطاب المحتوی علی الاسانیدالصحیحه المعروف به ثبت نعیمی" میں درج فرمائیں ہیں جوغالباً "سندالطحطاوی" جوامام طحطاوی کی اسانیدکاقلمی نسخہ ہے ،اس سے ماخوذہیں۔"ثبت نعیمی" کرم خوردہ اورجابجابوسیدہ ہونے کی وجہ سے پڑھنے میں نہیں آرہی تھی لہٰذاضرورت محسوس ہوئی کہ سندالطحطاوی دستیاب ہوتاکہ اس سے استفادہ کیاجاسکے فقیرنے ہندوستان میں سندالطحطاوی کوکافی تلاش کیالیکن تلاش بسیارکے باوجودبھی نہ پاسکا۔تحقیق کرنے پرپتہ چلاکہ اس کاقلمی نسخہ مصرکی لائبریری میں موجودہے۔لہٰذا اپنے ایک عزیزکے توسط سے مصرکی لائبریری سے اس قلمی نسخہ کومنگواکر"ثبت نعیمی" کے سلسلے میں اس سے استفادہ کیا۔بعدمیں اس کامطبوعہ نسخہ بھی دستیاب ہوگیااس سے قدرے استفادہ کیاہے۔

ذیل میں ہم"ثبت نعیمی" میں مندرج امام طحطاوی کی سات سندیں،فقہ حنفی کی دوسندیں،جوامام طحطاوی کوایک تواپنے والدمحترم علامہ سیدمحمدبن مولیٰ اوردوسری اپنے استاذشیخ محمدبن عبدالمعطی حریری کے طریق پرجوتیس واسطوں کے بعدامام اعظم سے متصل ہے حاصل ہے،علم حدیث کی چاراورسیرت کی ایک سندکرنے کی سعادت حاصل کرتے ہیں۔

(۱)

سندفقہ حنفی

صدرالافاضل سیدمحمدنعیم الدین مرادآبادی علیہ الرحمہ کوفقہ حنفی کی سندواجازت حاصل ہے

☆ شیخ الکل مولانامحمدگل علیہ الرحمہ سے

☆ انہیں شیخ سیدمحمدمکی کتبی سے

☆ انہیں امام حرم شیخ سیدمحمدصالح کتبی سے

☆ انہیں مفتی احناف مکہ مکرمہ شیخ سیدمحمدبن حسین کتبی سے

☆ انہیں مفتی اعظم مصرمراقی الفلاح اوردرمختارکے محشی امام شیخ سیداحمدبن محمدطحطاوی سے

☆ انہیں اپنے والدگرامی شیخ سیدمحمدبن مولیٰ سے

☆ انہیں مفتی احناف مصرشیخ احمدحماقی سے

☆ انہیں اپنے مشائخ شیخ علی عقدی،سیدعلی حنفی سیواسی بصیر،شیخ احمدشہیردقدوسی اورعین المفتین دیارمصرسیدعلی المعروف بہ سکندر سے

☆ ان تمام کوشیخ محمدشاہین ارمناوی اورشیخ عبدالحی شرنبلالی سے

☆ ان دونوں کوشیخ احمدشوبری اورشیخ حسن شرنبلالی سے

☆ ان دونوں کوشیخ محمدمحبی سے

☆ انہیں شیخ مقدسی سے

☆ انہیں شرح زیلعی کے محشی شیخ ابوالعباس شہاب الدین احمدبن یونس ابن شلبی سے

☆ انہیں قاضی حلب وقاہرہ شیخ ابوالبرکات سری الدین عبدالبربن محمدابن شحنہ سے

☆ انہیں صاحب فتح القدیرشیخ کمال الدین محمدبن عبدالواحدابن ہمام سے

☆ انہیں شیخ ابوحفص سراج الدین عمربن علی کنانی سے

☆ انہیں شیخ علاؤالدین علی احمدبن محمدسیرامی سے

☆ انہیں شارح ہدایہ شیخ ابومحمدجلال الدین عمربن محمدخبازی خجندی سے

☆ انہیں شیخ ابوالفضل علاءالدین عبدالعزیزبن نصربخاری سے

☆ انہیں صاحب کنزالدقائق شیخ ابوالبرکات حافظ الدین عبداللہ بن احمدنسفی سے

☆ انہیں شمس الائمہ شیخ ابوالواجدمحمدبن محمدبن عبدالستارعمودی کردری سے

☆ انہیں مصنف ہدایہ شیخ برہان الدین ابوالحسن علی بن ابوبکرفرغانی مرغینانی سے

☆ انہیں شیخ فخر الاسلام ابوالحسن علی بن محمد بزدوی سے
☆ انہیں صاحب مبسوط شمس الائمہ شیخ ابوبکر محمد بن احمد بن سہل سرخسی سے
☆ انہیں شیخ ابومحمد عبدالعزیز بن احمد حلوانی سے
☆ انہیں شیخ قاضی ابوعلی حسین بن خضر نسفی سے
☆ انہیں شیخ ابوبکر محمد بن فضل بخاری سے
☆ انہیں صاحب مسند ابوحنیفہ شیخ ابومحمد عبداللہ بن محمد حارثی کلاباذی سبذمونی سے
☆ انہیں شیخ ابوعبداللہ ابوحفص صغیر محمد بن بن احمد ابوحفص کبیر بخاری سے
☆ انہیں اپنے والد شیخ ابوحفص کبیر احمد بن حفص بخاری سے
☆ انہیں امام ابوعبداللہ قاضی محمد بن حسن شیبانی سے
☆ انہیں امام اعظم ابوحنیفہ حضرت نعمان بن ثابت سے
☆ انہیں امام حماد بن سلیمان سے
☆ انہیں ابراہیم بن یزید نخعی سے
☆ انہیں شیخ علقمہ سے
☆ انہیں عبداللہ بن مسعود سے
☆ انہیں نبی کریم ﷺ سے
☆ انہیں حضرت جبریل سے
☆ انہیں بارگاہ رب العزت سے

(۲)

فقہ حنفی کی دوسری سند

صدر الافاضل سے شیخ سید احمد بن محمد طحطاوی تک سند سابق کے مثل۔
☆ شیخ طحطاوی کو فقہ حنفی کی سند واجازت حاصل ہے اپنے استاذ شیخ محمد بن عبدالمعطی حریری سے
☆ انہیں شیخ حسن بن نورالدین مقدسی سے
☆ انہیں شیخ علیم الدین سلیمان بن مصطفی منصوری سے
☆ انہیں شیخ عبدالحی بن عبدالحق شرنبلالی سے
☆ انہیں صاحب مراقی الفلاح شیخ حسن بن عمار شرنبلالی سے
☆ انہیں شیخ محمد محبی اور شیخ علی بن غانم مقدسی سے
☆ شیخ نورالدین علی بن محمد ابن غانم مقدسی نے روایت کیا
☆ شرح زیلعی کے محشی شیخ شہاب الدین احمد بن یونس بن شلبی سے
☆ انہیں قاضی حلب وقاہرہ ابوالبرکات سری الدین عبدالبر بن شحنہ سے
☆ انہیں صاحب فتح القدیر کمال الدین محمد بن عبدالواحد ابن ہمام سے
☆ انہیں شیخ ابوحفص سراج الدین عمر بن علی کنانی سے
☆ انہیں شیخ علاؤالدین علی احمد بن محمد سیرامی سے
☆ انہیں شارح ہدایہ شیخ ابومحمد جلال الدین عمر بن محمد خبازی خجندی سے

☆ انہیں شیخ ابوالفضل علاؤالدین عبدالعزیز بن نصر بخاری سے
☆ انہیں صاحب کنز الدقائق شیخ ابوالبرکات حافظ الدین عبداللہ بن احمد نسفی سے
☆ انہیں شمس الائمہ شیخ ابوالواجد محمد بن محمد بن عبدالستار عمودی کردری سے
☆ انہیں مصنف ہدایہ شیخ برہان الدین ابوالحسن علی بن ابوبکر فرغانی مرغینانی سے
☆ انہیں شیخ فخر الاسلام ابوالحسن علی بن محمد بزدوی سے
☆ انہیں صاحب مبسوط شمس الائمہ شیخ ابوبکر محمد بن احمد بن سہل سرخسی سے
☆ انہیں شیخ ابومحمد عبدالعزیز بن احمد حلوانی سے
☆ انہیں شیخ قاضی ابوعلی حسین بن خضر نسفی سے
☆ انہیں شیخ ابوبکر محمد بن فضل بخاری سے
☆ انہیں صاحب مسند ابوحنیفہ شیخ ابومحمد عبداللہ بن محمد سبذمونی سے
☆ انہیں شیخ ابوحفص صغیر محمد بن بن احمد ابوحفص کبیر بخاری سے
☆ انہیں اپنے والد شیخ ابوحفص کبیر احمد بن حفص بخاری سے
☆ انہیں امام ابوعبداللہ قاضی محمد بن حسن شیبانی سے
☆ انہیں امام اعظم ابوحنیفہ حضرت نعمان بن ثابت سے
☆ انہیں امام حماد بن سلیمان سے
☆ انہیں ابراہیم بن یزید نخعی سے
☆ انہیں شیخ علقمہ سے

☆ انہیں عبداللہ بن مسعود سے
☆ انہیں نبی کریم ﷺ سے
☆ انہیں جبریل امین سے
☆ انہیں بارگاہ الٰہی سے

سند بخاری شریف

صدر الافاضل سے علامہ طحطاوی تک سند سابق کے مثل علامہ طحطاوی کو بخاری شریف کی سند واجازت حاصل ہے۔
☆ شیخ محمد امیر کبیر، شیخ حسن جداوی اور شیخ عبدالعلیم سے
☆ ان تمام کو شیخ علی عدوی سے
☆ انہیں شیخ محمد عقیلہ سے
☆ انہیں شیخ حسن عجیمی سے
☆ انہیں شیخ احمد بن عجلی یمنی سے
☆ انہیں امام یحییٰ بن مکرم طبری سے
☆ انہیں برہان ابراہیم بن محمد بن صدقہ دمشقی سے
☆ انہیں شیخ عبدالرحمٰن بن عبدالاول فرغانی سے
☆ انہیں شیخ محمد بن یوسف فربری سے
☆ انہیں جامع بخاری امام محمد بن اسمٰعیل بخاری سے

سند مسلم شریف

صدرالافاضل سے شیخ یحییٰ بن مکرم تک سند سابق کے مثل یحییٰ بن مکرم روایت کرتے ہیں

☆ اپنے دادا شیخ محبّ الدین سے
☆ وہ شیخ زین الدین ابوبکر بن حسین مراغی سے
☆ وہ ابوعباس احمد بن ابوطالب حجار سے
☆ وہ انجب بن ابوسعادات حمامی سے
☆ وہ ابوالفرج مسعود بن حسن ثقفی سے
☆ وہ حافظ ابوالقاسم عبدالرحمٰن بن مندہ سے
☆ وہ حافظ ابوبکر محمد بن عبداللہ جوزقی سے
☆ وہ ابوالحسن مکی بن عبدان سے
☆ وہ جامع صحیح مسلم امام مسلم بن حجاج قشیری سے۔

سنن ابوداؤد کی سند

صدرالافاضل سے شیخ محبّ الدین طبری تک سند سابق کے مثل وہ شریف ابوطاہر محمد بن کویک سے

☆ وہ مسندہ زینب بنت کمال مقدسیہ سے

☆ وہ ابوالقاسم بن عبدالرحمٰن بن مکی حاسب سے
☆ وہ حافظ ابوطاہر احمد بن محمد سلفی سے
☆ وہ ابوجعفر عبادانی سے
☆ وہ ابوعمر قاسم بن جعفر خطیب بن عبدالواحد ہاشمی سے
☆ وہ ابوعلی محمد بن احمد لؤلؤی سے
☆ وہ مؤلف سنن امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی سے

سنن ترمذی کی سند

صدرالافاضل سے حسن عجیمی تک سند بخاری کے مثل شیخ حسن عجیمی کو سند واجازت حاصل ہے

☆ شیخ احمد بن محمد قشاشی صوفی سے
☆ انہیں اپنے شیخ احمد بن علی شناوی صوفی سے
☆ انہیں شیخ علی بن عبدالقدوس شناوی صوفی سے
☆ انہیں شیخ عبدالوہاب شعرانی صوفی سے
☆ انہیں شیخ زکریا بن محمد فقیہ صوفی سے
☆ انہیں عارف باللہ زین الدین مراغی عثمانی صوفی سے
☆ انہیں شرف الدین اسمٰعیل بن ابراہیم جبرتی صوفی سے
☆ انہیں ابوالحسن علی بن عمروانی صوفی سے
☆ انہیں اپنے استاد شیخ محی الدین محمد بن علی حاتمی صوفی سے

☆ انہیں شیخ عبدالوہاب بن علی بن سکینہ بغدادی صوفی سے
☆ انہیں ابوالفتح عبدالملک بن عبداللہ کروخی صوفی سے
☆ انہیں اپنے شیخ محقق حافظ ابواسمٰعیل عبداللہ ہروی صوفی سے
☆ انہیں شیخ عبدالجبار جراحی سے
☆ انہیں ابوالعباس محمد بن احمد بن محبوب محبوبی سے
☆ انہیں مؤلف کتاب امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی سے

مواہب لدنیہ کی سند

صدرالافاضل سے شیخ قشاشی تک سند سابق کے مثل وہ شیخ محمد رملی سے
وہ شیخ زین زکریا انصاری سے

☆ وہ حافظ ابن حجر سے
☆ وہ شیخ صلاح بن ابوعمر سے
☆ وہ شیخ فخر بن بخاری سے
☆ وہ شیخ عبداللہ بنانی سے
☆ وہ شیخ محمد زرقانی سے
☆ وہ علامہ شبراملسی سے
☆ وہ شیخ احمد بن خلیل سبکی سے
☆ وہ شیخ شریف یوسف ارمیونی سے
☆ وہ روایت کرتے ہیں صاحب کتاب شیخ احمد بن محمد قسطلانی سے۔

امام طحطاوی کی مرویات واجازات

بطریق اعلیٰ حضرت

مذکورہ بالا اسانید نعیمی علامہ طحطاوی تک مولانا محمد گل کے طریق پر تھیں۔
حضور صدرالافاضل کو علامہ طحطاوی سے اتصال اعلیٰ حضرت امام احمد رضا خاں علیہ الرحمہ کے واسطے سے بھی حاصل ہے لیکن آپ نے اپنی تصنیف لطیف ''ثبت نعیمی'' میں صرف وہ اسانید جو بطریق محمد گل ہیں اندارج فرمائی ہیں آپ کو بطریق اعلیٰ حضرت امام طحطاوی سے عمومی سلسلۂ روایت حاصل ہے اعلیٰ حضرت کی اسانید کے لئے ''الاجازات المتینہ'' ملاحظہ فرمائیں۔ ہم یہاں صرف بطور نمونہ علامہ طحطاوی تک بطریق اعلیٰ حضرت سند نعیمی تحریر کررہے ہیں۔

حضور صدرالافاضل کو اپنی جملہ مرویات کی سند واجازت عطا فرمائی۔

☆ مجدد اعظم اعلیٰ حضرت امام احمد رضا خاں علیہ الرحمہ نے
☆ انہیں مفتی شافعیہ مکہ مکرمہ علامہ سید احمد بن زینی دحلان علیہ الرحمہ نے
☆ انہیں مسجد حرم کے خطیب ومدرس شیخ عثمان بن حسن دمیاطی شافعی نے
☆ انہیں علامہ امام سید احمد طحطاوی علیہ الرحمہ نے

مذکورہ بالا سند نعیمی کی خوبی یہ ہے کہ علامہ طحطاوی تک صدرالافاضل کا اتصال صرف تین واسطوں سے ہے۔

علامہ شرقاوی اور سند نعیمی

حضور صدر الافاضل علیہ الرحمہ کو شیخ الکل مولانا محمد گل کے واسطے سے علامہ شیخ عبداللہ بن حجازی شرقاوی مصری کی مرویات کی سند واجازت حاصل ہے ۔علامہ شرقاوی کی اسانید ومرویات کس قدر اہمیت کی حامل ہیں اس کا اندازہ آپ کے ایک قابل قدر شاگرد شیخ الازہر حسن بن نجد عطار کی درج ذیل تحریر سے ہوتا ہے۔وہ لکھتے ہیں:

''اہل مصر کے یہاں شیخ عبداللہ شرقاوی اوران کے معاصر شیخ ابوعبداللہ محمد بن محمد بن احمد سنباوی مالکی ازہری شاذلی المعروف بہ امیر کبیر رحمۃ اللہ علیہ کی اسانید ومرویات کو بڑی اہمیت ملی اور علماء کی اکثریت نے ان پر اعتماد کیا تا آنکہ ان دونوں مشائخ کے طریق پر روایت کا سلسلہ دیگر علماء مصر کے سلاسل روایت پر غالب آگیا...ان کی اثبات مشہور ہیں جن کے فضل کا انکار نہیں کیا جاسکتا اور یہ دونوں اثبات نادر مرویات پر مبنی ہیں۔جن سے میں نے عمر بھر بھرپور اکتساب کیا۔'' [شیخ الازہر عبداللہ شرقاوی تالیف مولانا عبدالحق پاکستانی ص ۴۱]

نیز مصری زبردست عالم شیخ محمود سعید لکھتے ہیں

''جامعہ ازہر میں شیخ شرقاوی، شیخ امیر کبیر اور شیخ شنوانی کے دور سے لے

کر آج تک تعلیم پانے والے جملہ علماء کا سلسلہ سند وروایت طبقہ در طبقہ ان تین علماء سے متصل ہوتا ہے۔پھر ان تینوں میں شیخ عبداللہ شرقاوی کی اسانید کی مزید اہمیت ہے کہ یہ بہت جلد حدود مصر سے تجاوز کر گئیں جس کے نتیجہ میں آج کے لاتعداد علماء حجاز، انڈونیشیا، شام، فلسطین، مراکش ،تیونس، یمن اور خطۂ ہند کا سلسلہ روایت آپ سے متصل ہے'' [مرجع سابق]

حضور صدر الافاضل نے شیخ الکل مولانا محمد گل کے توسط سے علامہ شرقاوی کی جن اسانید ومرویات کی سند واجازت حاصل کی ان کو آپ نے علامہ شرقاوی کے مجموعۂ اسانید ''الجامع الحاوی فی مرویات الشرقاوی'' سے اخذ کر کے اپنی عربی تصنیف ''الكتاب المستطاب المحتوی علی الاسانید الصحیحہ '' المعروف بہ ثبت نعیمی میں درج فرمایا ہے۔ہم ذیل میں ثبت نعیمی کے حوالے سے ان اسانید کو نقل کرنے کی سعادت حاصل کر رہے ہیں۔

کتب عقائد وکلام کی سند نعیمی

ابراہیم لقانی کی جوہرۃ التوحید اور اس کی شروحات کی اسناد

صدر الافاضل کو قراءۃ وسماعاً اجازت حاصل ہے شیخ الکل محمد گل کابلی سے

☆ انہیں شیخ سید محمد مکی کتبی سے
☆ وہ روایت کرتے ہیں شیخ سید محمد صالح کتبی سے
☆ وہ شیخ سید محمد بن سید حسین کتبی سے
☆ وہ شیخ صاوی خلوتی سے
☆ وہ شیخ شرقاوی سے
☆ شیخ شرقاوی نے روایت کیا شیخ محمد بن سالم حفنی سے
☆ انہوں نے شیخ محمد بن محمد بدیری المعروف بہ ابن میت سے
☆ انہوں نے شیخ ابوالضیاء شبراملسی سے
☆ انہوں نے برہان لقانی مؤلف کتاب مذکور سے۔

شیخ عضدالدین ابوالفضل ایجی کی کتاب مواقف کی سند

حضور صدر الافاضل سے شیخ محمد بن سالم حفنی تک سند سابق کے مثل وہ روایت کرتے ہیں اپنے شیخ عبداللہ بن سالم بصری سے

☆ وہ شیخ علاء الدین بابلی سے

☆ وہ شیخ ابوالارشاد اجھوری سے

☆ وہ شیخ عمر بن جائی سے

☆ وہ شیخ ابوالفضل سیوطی سے

☆ وہ شیخ شمس محمد مخزومی سے

☆ وہ شیخ یحییٰ بن شمس کرمانی سے

☆ وہ اپنے والد سے

☆ وہ مؤلف مواقف قاضی عضدالدین ابوالفضل ایجی سے۔

سید شریف جرجانی کی شرح مواقف اور دیگر تصانیف کی سند

حضور صدر الافاضل سے شیخ علاء الدین بابلی تک سند سابق کے مثل شیخ علاء الدین بابلی روایت کرتے ہیں

☆ احمد بن خلیل سبکی سے

☆ وہ شیخ محمد بن احمد سے

☆ وہ شیخ شرف عبدالحق بناطی سے

☆ وہ شیخ شمس الدین شروانی سے

☆ وہ مؤلف شرح مواقف سید محمد بن علی جرجانی سے۔

کتب تفاسیر

سند معالم التنزیل لامام بغوی

صدر الافاضل کو اجازت حاصل ہے شیخ الکل مولانا محمد گل سے

☆ انہیں شیخ سید محمد مکی کتبی سے

☆ انہیں شیخ سید محمد صالح کتبی سے

☆ انہیں شیخ سید محمد بن سید حسین کتبی سے

☆ انہیں شیخ صاوی خلوتی سے

☆ انہیں شیخ شرقاوی سے

☆ شیخ شرقاوی کو شیخ محمد بن سالم حفنی سے

☆ انہیں شیخ محمد بن محمد بدیری المعروف بہ ابن میت سے

☆ انہیں شیخ ابوالضیاء شبراملسی سے

☆ انہیں شیخ برہان ابراہیم لقانی مالکی سے

☆ انہیں شیخ ابوالنجا سالم السنہوری

☆ انہیں شیخ نجم غیطی سے

☆ انہیں شیخ الاسلام ابویحیی زکریا انصاری سے

☆ انہیں شیخ عز عبدالرحیم بن فرات سے

☆ انہیں شیخ صلاح الدین بن ابی عمر سے

☆ انہیں شیخ فخر علی بن احمد سے

☆ انہیں شیخ فضل اللہ بن سعد نوقانی سے

☆ انہیں مؤلف کتاب حسین بن مسعود بغوی سے

تفسیر فخرالدین رازی

شیخ الاسلام ابویحییٰ زکریا تک سند سابق کے مثل وہ روایت کرتے ہیں

☆ تقی محمد بن محمد تقی سے

☆ وہ شیخ مجدالدین لغوی سے

☆ وہ شیخ سراج الدین قزوینی سے

☆ وہ قاضی ابوبکر محمد بن عبداللہ تفتازانی سے

☆ وہ شرف الدین ابوبکر بن محمد ہروی سے

☆ وہ مولف شیخ فخرالدین رازی سے

تفسیر امام واحدی

تفسیر مذکوراور دیگر تصانیف مؤلف کی اجازت حاصل ہے صدرالافاضل کواپنے شیخ مولانا محمد گل سے بقیہ سند جلال سیوطی تک

☆ جلال سیوطی نے روایت کیا محمد بن مقبل سے

☆ انہوں نے محمد بن علی یوسف حراوی سے

☆ انہوں نے حافظ عبدالمؤمن بن خلف دمیاطی سے

☆ انہوں نے ابوالحسن بن مقیر سے

☆ انہوں نے ابوالفضل احمد بن طاہر میہنی سے

☆ انہوں نے ابوالحسن علی بن احمد الواحدی مؤلف کتاب سے

تفسیر کشاف لزمخشری

صدرالافاضل سے برہان ابراہیم لقانی مالکی تک سند معالم التنزیل کے مثل لقانی روایت کرتے ہیں

☆ محمد بن عقیلی بھنسی سے

☆ وہ ابوالحسن بکری سے

☆ وہ قاضی زکریا بن محمد سے

☆ وہ شیخ عز عبدالرحیم سے

☆ وہ ابن جماعہ حافظ ابوعمر عبدالعزیز سے

☆ وہ ابوالفضل احمد بن ہبۃ اللہ بن عساکر سے

☆ وہ زینب بنت عبدالرحمٰن شعری سے

☆ وہ مؤلف کتاب ابوالقاسم محمود بن عمر زمخشری سے

تفسیر بیضاوی

کتاب مذکوراور دیگر تصانیف مؤلف جیسے "الطَّوَالِع وَالمِنهَاج وَشَرحِ المَصَابِیح" وغیرہا کی اجازت وروایت کا سلسلۂ سند صدرالافاضل

